# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵ رجون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے اتفاقِ رائے ناگزیر؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ اٹھارہویں لوک سبھا کے پہلے اجلاس کا آغاز؛ نومنتخبہ ارکانِ پارلیمان نے لیا رُکنیت کا حلف۔

☆ قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور اضافی ذخیرے کی روک تھام کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے گندم کے ذخیرے کی حد مقرر۔

☆ NEET پرچہ افشا معاملے میں لاتور سے گرفتار شدہ جلیل پٹھان 2 جولائی تک پولس تحویل میں روانہ۔

☆ پونے شہر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے سخت کارروائی کے وزیرِ اعلیٰ کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ آسٹریلیا کو شکست دے کر بھارت ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

حکومت چلانے کیلئے اکثریت کی ضرورت ہے لیکن ملک چلانے کیلئے اتفاق رائے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس طرح کا بیان وزیر اعظم نریندر مودی نے دیا ہے۔ اٹھارہویں لوک سبھا کے پہلے اجلاس کا کل آغاز ہوا' اس سے قبل پارلیمنٹ کے احاطے میں وزیرِ اعظم مودی مخاطب تھے۔ وزیر اعظم نے ملک میں ایک اچھی اور مناسب حزبِ مخالف جماعت کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، لوک سبھا کا اجلاس شروع ہونے سے پہلے صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے بی جے پی کے رکنِ پارلیمان بھرتر ہری میہتاب کو لوک سبھا کے کارگذار صدر کے طور پر حلف دلایا۔ بعدازاں میہتاب نے وزیر اعظم مودی سمیت مرکزی وزراء کو ایوان کی رکنیت کا حلف دلایا۔ مہاراشٹر سے کابینہ میں شامل کیے گئے پرتاپ راؤ جادھو، مرلی دھر موہوڑ اور رکشا کھڑسے نے مراٹھی زبان میں حلف لیا۔ بی جے پی کے اراکینِ پارلیمنٹ رادھا موہن سنگھ اور فگّن سنگھ کُلستے نے میز صدر کے طور پر حلف لیا۔ 3 جولائی تک جاری رہنے والے اس اجلاس میں لوک سبھا اسپیکر کا انتخاب کل 26 جون کو ہوگا' جبکہ پرسوں 27 جون سے راجیہ سبھا کا اجلاس شروع ہوگا۔

***** ***** *****

دریں اثناء حزبِ مخالف جماعتوں کے محاذ ''انڈیا اتحاد'' کے ارکان پارلیمان دستورِ ہند کی نقل لے کر کل لوک سبھا میں داخل ہوئے۔ کانگریس، ترنمول کانگریس، ڈی ایم کے اور دیگر پارٹیوں کے ارکان پارلیمان نے آئین کی کاپیاں اپنے ہاتھوں میں لیکر حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے گندم کی قیمت کو مستحکم رکھنے اور اضافی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے گندم کی ذخیرہ اندوزی کی حد مقرر کر دی ہے۔ تاجروں اور تھوک فروشوں کیلئے تین ہزار ٹن، خوردہ فروشوں کیلئے دس ٹن، بڑے گروپوں کے ہر دُکان کیلئے 10 ٹن اور ان کے گوداموں کیلئے تین ہزار ٹن ذخیرہ اندوزی کی حد مقرر کی گئی ہے۔ یہ حد تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سبھی تاجروں اور دکانداروں پر 31 مارچ 2025 تک نافذ رہے گی۔

***** ***** *****

طبّی نصاب کورس میں داخلوں کی اہلیت کیلئے NEET-UG امتحان کے پرچہ افشا ہونے کے معاملے میں کارروائی تیز کر دی گئی ہے۔ مختلف جانچ ایجنسیوں نے مختلف ریاستوں سے متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے اور ان کی تفتیش جاری ہے۔

دریں اثنا، قومی امتحانات ادارے کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق اضافی نمبر حاصل کرنے والے طلباء میں سے 813 طلباء دوبارہ امتحان میں شریک ہوئے، جبکہ ساڑھے سات سو طلباء اس امتحان سے غیر حاضر رہے۔ اس معاملے میں لاتور سے گرفتار کیے گئے ملزم جلیل پٹھان، کو آئندہ 2 جولائی تک پولس کی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے، جبکہ شولا پور ضلع پریشد اسکول کے سنجے جادھو اور دھاراشیو ضلع کے عمر گہ کے اِرنّا کونگلو ار سے سخت تفتیش کیے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگاروں نے دی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی قانون ساز کونسل کا مانسون اجلاس آئندہ جمعرات سے شروع ہو رہا ہے۔ اس پس منظر میں کونسل کی ڈپٹی چیئر مین ڈاکٹر نیلم گورہے کی زیر صدارت کل ایک جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر انہوں نے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات دیں۔ موجودہ 14 ویں قانون ساز اسمبلی کا یہ آخری اجلاس ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے ریاستی حکومت سے کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے اور دودھ پیدا کرنے والے کسانوں کو دودھ کی اضافی قیمت ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پٹولے گزشتہ روز ممبئی میں مخاطب تھے۔ تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے کسانوں کے دو لاکھ روپے تک کے قرض معاف کر دیے ہیں۔ اسی طرز پر پٹولے نے 27 تاریخ سے شروع ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے اجلاس میں ریاستی حکومت سے کسانوں کے قرض معافی کا اعلان کرنے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے پونہ شہر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے غیر قانونی پب پر کارروائی کرنے اور منشیات سے متعلق غیر قانونی تعمیرات پر بلڈوزر چلانے کے احکامات دیئے ہیں۔ کل اس حوالے سے منعقدہ جائزاتی اجلاس کے بعد وزیرِ اعلیٰ نے پونہ کے پولس کمشنر امیتیش کمار کو احکامات دیئے۔

دریں اثنا، اس معاملے میں اب تک نو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے، جبکہ آٹھ افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ دو افسران اور دو عملداروں کیخلاف بھی کارروائی کرنے کی معلومات پونہ کے ڈپٹی پولس کمشنر سندیپ گِل نے دی ہے۔ اسی طرح پولس ویڈیو میں نشہ کرتے نظر آنے والے لڑکوں کی تلاش میں سرگرداں ہونے کی اطلاع بھی متعلقہ خبر میں دی گئی ہے۔

***** ***** *****

آن لائن دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں رتناگری پولس نے ایک ملزم کو چندی گڑھ سے گرفتار کیا ہے۔ وہاٹس ایپ پر میسیج بھیج کر سرمایہ کاری کرنے پر زیادہ ریٹرن دینے کا جھانسہ دیکر رتناگری ضلع کے کھیڑ کے ایک شخص نے 24 لاکھ 85 ہزار روپئے کی جعلسازی کی تھی۔ اس ملزم کو عدالت نے 25 جون تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم سنایا ہے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سپر آٹھ مرحلے کے ایک اہم میچ میں گزشتہ روز بھارت نے آسٹریلیا کو 24 رنز سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ سینٹ لوسیا میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوور میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 205 رنز بنائے۔ جس میں کپتان روہت شرما نے 92، سوریہ کمار یادو نے 31، شیوم دوبے نے 28 رنز اسکور کیے۔ اس ہدف کے تعاقب میں آسٹریلیائی ٹیم 20 اوورز میں سات وکٹوں پر 181 رنز ہی بناسکی۔ روہت شرما کو میچ کے بہترین کھلاڑی کے اعزاز سے نوازا گیا۔

دریں اثنا، گزشتہ روز کھیلے گئے دیگر ایک اور مقابلے میں جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی، جبکہ اس ٹورنامنٹ میں فی الحال افغانستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ جاری ہے اور بنگلہ دیش نے تین وِکٹوں کے نقصان پر 31 رنز بنالیے ہیں۔

***** ***** *****

جولائی۔ اگست 2024 میں دسویں اور بارہویں کے ضمنی امتحانات کیلئے آن لائن درخواستیں قبول کرنے کی حتمی معیاد میں توسیع کردی گئی ہے۔ اس توسیع کے بعد آن لائن درخواستیں یکم جولائی تک 50 روپے یومیہ تاخیری فیس، 8 جولائی تک یومیہ 100 روپے خصوصی تاخیر فیس اور 15 جولائی تک 200 روپے یومیہ خصوصی تاخیر فیس کے ساتھ داخل کی جاسکتی ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد میں ایک جائزاتی اجلاس لیا۔ اس موقع پر انھوں نے عوامی سہولیات، سیاحت، آبپاشی، صحت اور پانی سے لیس کھیت اور اسکولوں کی جماعتوں کی تعمیر سے متعلق کاموں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی حدود میں غیر قانونی اراضیات اور تعمیرات کو قانونی شکل دینے کیلئے گنٹھے واری کی معیاد میں 31 ستمبر تک توسیع کی گئی ہے۔ میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت کے حکم کے مطابق یہ فیصلہ کیا گیا۔ دریں اثنائ بارش کے دوران ہونے والی پریشانیوں کی شکایت کے اندراج کیلئے میونسپل انتظامیہ نے کمپیوٹرائزڈ سسٹم متعارف کروایا ہے اور اس کیلئے کوڈ مہیا کیا گیا ہے، جسے اسکین کرکے گوگل پر شکایت درج کی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں کل روزگار سے متعلق نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کیلئے چھترپتی شاہو مہاراج یواشکتی کیریئر رہنمائی کیمپ منعقد کیا گیا۔ صنعتی تربیتی ادارہ کی جانب سے منعقدہ اس کیمپ کا افتتاح اساتذہ حلقے کے رکنِ کونسل وِکرم کالے اور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کی موجودگی میں ہوا۔

پربھنی میں بھی چھترپتی شاہو مہاراج یواشکتی کیمپ کو نوجوانوں کی زبردست پذیرائی ملی۔ رُکنِ پارلیمان فوزیہ خان کے ہاتھوں اس کیمپ کا افتتاح ہوا، جبکہ کیمپ میں پروفیسر وِکاس آڑے سمیت دیگر نے حاضرین سے خطاب کیا۔

دھاراشیو میں ہوئے میلے میں رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کیا۔ اس کیمپ میں دو ہزار سے زائد نوجوانوں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے اتفاقِ رائے ناگزیر؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ اٹھارہویں لوک سبھا کے پہلے اجلاس کا آغاز؛ نومنتخبہ ارکانِ پارلیمان نے لیا رُکنیت کا حلف۔

☆ قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور اضافی ذخیرے کی روک تھام کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے گندم کے ذخیرے کی حد مقرر۔

☆ NEET پرچہ افشا معاملے میں لاتور سے گرفتار شدہ جلیل پٹھان 2 جولائی تک پولس تحویل میں روانہ۔

☆ پونے شہر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے سخت کارروائی کے وزیرِ اعلیٰ کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ آسٹریلیا کو شکست دے کر بھارت ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****